**سیرِ افلاک:** از جناب حکیم احمد صاحب۔ تقطیع متوسط: ضخامت ۲۱۴ صفحات، کتابت وطباعت بہتر: قیمت مجلد پانچ روپے۔ پتہ: انجمن ترقی اردو ہند علی گڑھ۔

امریکہ اور روس کے خلا بازوں کے زمین کے گرد مسلسل چکر لگانے اور فضا میں "چہل قدمی" تک کر لینے کے واقعات نے عام لوگوں میں بھی عالمِ بالا سے دل چسپی پیدا کر دی ہے، لیکن اردو میں اس طرح کی سائنسی معلومات کی کتابوں کا فقدان ہے۔ اس کمی کو پورا کرنے کے لئے انجمن نے ایک بیحد الہ منصوبہ بنایا ہے۔ یہ کتاب اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے، اس میں افلاک ونجوم سے متعلق زمانہ حال (۱۹۵۹ء) تک کی معلومات سلیس وعام فہم زبان میں اس طرح جمع کر دی گئی ہیں کہ جن لوگوں نے علم الافلاک اور علم النجوم کا باقاعدہ مطالعہ بھی نہیں کیا ہے ذرا سی محنت اور توجہ سے وہ اس سلسلہ کی جدید تحقیقات واکتشافات سے واقف ہو سکتے ہیں۔ ضرورت ہے کہ اردو خوانوں میں سائنٹفک مذاق وعلم پیدا کرنے کے لئے اس طرح کی کتابیں بیش از بیش تعداد میں شائع کی جائیں۔

**روحِ اسلام اقبال کی نظر میں:** از ڈاکٹر غلام عمر خان: تقطیع خورد ضخامت ۱۱۴ صفحات کتابت وطباعت بہتر۔ قیمت درج نہیں۔

پتہ:۔ انسٹیٹوٹ آف انڈو مڈل ایسٹ کلچرل اسٹڈیز۔ حیدر آباد (اے، پی)

ڈاکٹر اقبال نے اسرارِ خودی اور رموزِ بیخودی میں خصوصاً اور دوسری نظموں میں عموماً خودی کی اہمیت وضرورت، تعمیر وترقی اور استحکام واستمرار کے متعلق جو کچھ کہا ہے جس سے انسان کی عظمت، خلافتِ الٰہی اور کائنات کے ساتھ اُس کے تعلق پر روشنی پڑتی ہے، لائق مصنف نے اس رسالہ میں اقبال کے انہی افکار پر مذہب اور فلسفہ کی روشنی میں بحث کر کے ثابت کیا ہے کہ درحقیقت یہی اسلام کی روح ہے۔ رسالہ موضوع کے لحاظ سے مختصر ہے۔ مگر دل چسپ اور معلومات افزا ہے اور زبان وبیان شگفتہ وپُر جوش ہے۔

---

**مارشل ٹیٹو اور جمہوریہ یوگوسلاویہ:** از:۔ اسرار احمد صاحب آزاد

(یوگوسلاویہ کی آزادی کی تاریخ اور مارشل ٹیٹو کے فکر وعمل کا دل کش مرقع) قیمت ۲/۵۰

ملنے کا پتہ:۔ مکتبہ برہان اردو بازار جامع مسجد دہلی ۶

---